جس میں بجلی کے موٹر کے ذریعہ ہر وقت پانی جاتا رہتا ہے اور وہیں جدید غسلخانے بھی تعمیر کرادئے ہیں۔ گو اس جدید تعمیر میں کثیر رقم خرچ ہوئی لیکن اس سے جہاں طلبہ کی راحت و آسائش میں اضافہ ہوگیا وہاں اہل محلہ بھی آپ کو بہت کچھ دعائیں دے رہے ہیں کیونکہ اب اس کی وجہ سے مسجد کا غسلخانہ اور نل صرف محلے والوں ہی کی ضروریات کیلئے مخصوص ہوگیا۔

”محدث“ کے متعلق ایک اہم اعلان

”محدث“ کے جاری کرنے کا جہاں یہ مقصد تھا کہ مسلمانوں میں احکام خداوندی اور سنن نبویہ پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ پیدا ہو۔ ان کو اپنے اخلاقی و معاشرتی امور میں اصلاح کا احساس ہو وہاں یہ غرض بھی تھی کہ دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے طلبہ کو تحریر و مضمون نویسی کا ملکہ حاصل ہو جائے تاکہ وہ اپنی ٹھوس علمی لیاقت کے ساتھ ساتھ تحریر و تقریر کے ذریعہ اسلام اور مسلمانوں کی خدمات پر اچھی طرح قادر ہو جائیں۔ اسی لئے ہم نے ابتک پابندی کے ساتھ صرف دارالحدیث رحمانیہ دہلی ہی کے طلبہ و مدرسین کے مضامین شائع کئے ہیں۔ اور اللہ کا شکر ہے کہ ملک نے قبولیت کی نگاہوں سے دیکھا اور ”رسالہ“ نہایت کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔

لیکن مذکورہ بالا پابندی کے اعلان کے باوجود بھی بہت سے حضرات اپنے مضامین ہمارے پاس بھیجکر ہمیں مجبور کرتے ہیں کہ محدث کے صفحات میں ان کی اشاعت کا موقع دیا جائے۔ چنانچہ فیاض دل مہتمم صاحب مدظلہ نے ان حضرات کی خاطر رسالہ محدث کے صفحات بڑھادئے ہیں جزاہ اللہ۔ لہذا درخواست ہے کہ جو حضرات مضامین بھیجیں وہ اس امر کا خیال رکھیں کہ مضامین کی تحریر صاف ہو۔ ایسے مضامین ہرگز نہ شائع ہوں گے جن میں کسی خاص شخص یا فرقہ پر ذاتی حملے ہوں گے۔ بلکہ ایسے محققؔ اور پُراز معلومات مضامین بھیجے جائیں جن میں عام مسلمانوں کے مذہبی۔ اخلاقی۔ معاشرتی۔ اقتصادی امور کے متعلق اصلاحی پہلو اختیار کئے گئے ہوں۔

ایک ضروری تصحیح :- اربعین رحمانی ۲ میں چند الفاظ غلط چھپ گئے ہیں اسلئے جن اصحاب کے پاس اربعین مذکور ہو وہ مندرجہ ذیل تصحیح سے درست کرلیں۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۱۰	الایانَ	الایمانِ	۲۰	۲	ظلماتُ یوم	ظلماتٌ یومَ
۱۶	۱۰	مَنفعۃٌ	مَنفقۃٌ	۲۳	۴	الرعی یحر	الرِّفق یُحرَم
۱۷	۳	سے نفع	فروخت	۲۳	۱۰	بو	بوا
۱۷	۹	شہید	شہید ہے	۲۶	۶	تُنصَرُونَ	تَنصُرُونَ
				۲۷	۲	[illegible]	[illegible]